مجتمع واعي
#معاً_ضد_الكورونا
(COVID-19)

Urdu

التزم بمسؤولية

الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

وزارة الصحة
Ministry of Health

سیلف آئسولیشن (خود تنہائی) کے لئے ہدایات

متعینہ مدت تک گھر میں ہی رہیں اور درج ذیل ہدایات پر عمل کریں:

دوسرے لوگوں کے ساتھ رابطے میں نہ آئیں، الگ کمرے میں رہیں اور علیحدہ باتھ روم استعمال کریں۔

دوسروں سے ملنا انتہائی ضروری ہو تو ملاقات کے وقت ماسک اور دستانے پہنیں۔ گھر میں اپنے اور دوسروں کے مابین اور پالتو جانوروں سے زیادہ فاصلہ رکھیں۔

اپنی ذاتی اشیاء جیسے پلیٹ، کپ، تولیہ، چادر وغیرہ دوسروں کے ساتھ شیئر نہ کریں۔ دروازے کے ہینڈلز اور سطحوں کو باقاعدگی سے صاف کریں۔

کھانسی اور چھینک کے وقت ٹشو استعمال کریں اور استعمال کئے ہوئے ٹشو کو کسی بند کوڑے دان میں ڈالیں؛ فورا اپنے ہاتھ 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے دھوئیں یا سینیٹائزر سے صاف کریں۔

وقفہ وقفہ سے اپنے ہاتھ کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے دھوئیں یا سینیٹائزر سے صاف کریں۔

اپنے لئے ایک علیحدہ کوڑے دان رکھیں، اور کسی قسم کے لیک کو روکنے کے لئے ڈبل پرتوں والے تھیلے کواستعمال کریں۔ کوڑے کو گھر کے دوسرے کچرے کے ساتھ ضائع کرنے سے پہلے تین دن (72 گھنٹے) تک الگ رکھنا چاہئے۔

اگر آپ کو بخار یا کھانسی ہو، یا سانس کی تکلیف ہو تو فورا (444) پر کال کریں اور اپنے لئے طبی معائنہ کی درخواست کریں۔

اپنے موبائل میں BeAware Bahrain ایپ ڈاؤنلوڈ کریں

صحت عامہ کے قانون (قانون نمبر 34 برائے سنہ 2018) کے مطابق، کسی بھی ایسے فرد کو جو جان بوجھ کر وائرس سے متاثرہ کسی شخص کی پردہ پوشی کرتا ہے، یا بالقصد دوسروں تک انفیکشن کو پھیلاتا ہے، یا کسی بھی قسم کے وائرس کو پھیلنے سے روکنے کے لئے ضروری اقدام اٹھانے سے روکتا ہے، کم از کم تین ماہ کی قید کی سزا اور کم سے کم ایک ہزار دینار یا زیادہ سے زیادہ دس ہزار دینار کا جرمانہ عائد کیا جائے گا یا ان دونوں میں سے کوئی ایک سزا دی جائے گی۔